377

# میں نے علم سجایا

میں نے عَلَم سجایا میں نے عَلَم اٹھایا
میرے سر پہ وفا نے کیا عشق کا سایہ

چلیں کوثری موجیں کھلیں خلد کی راہیں
جھکیں دنیا کی نظریں اٹھیں دل کی نگاہیں
میرے بخت کا تارا ذرا اور جگمگایا

چلیں کٹ کے بلائیں پیچھے ہٹ گئے طوفاں
سب ہی کالی گھٹائیں ہوئیں چاک گریباں
آندھیوں نے قصیدہ میری شان میں گایا

جیسے مست ہوائیں جیسے بَل کھاتی نہریں
میرے قلب میں ایسے اٹھیں عشق کی لہریں
جونہی سر پہ پھریرا کھلا اور لہرایا

میرے تن میں ایسی بسی خوشبو وِلا کی
میری رگ رگ سے آنے لگی مہک وفا کی
کبھی پھر کوئی باغی میرے پاس نہ آیا

مجھے ایسا سنوارا تیرے لطف و کرم نے
دیئے ایسے اجالے مجھے کالے عَلَم نے
مجھے ڈھونڈتا سورج میرے گھر چلا آیا

میں تو بڑھ گیا آگے پیچھے رہ گئیں صدیاں
مجھے ایک ہی پَل میں ملیں صدیوں کی خوشیاں
میں نے سارے غموں کا کیا ایسا صفایا

مجھے دیکھ کے گوہرؔ ہنسے سارے نظارے
لگی آگ کسی کے بھڑک اٹھے انگارے
جو تھا بغض کا مارا تپا اور تلملایا